# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ معاشیات)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 10-06-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 06-07-2026 | مشق نمبر1 | 06-07-2026 |
| مشق نمبر3 | 31-07-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-08-2026 | مشق نمبر2 | 20-08-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: معاشیات (402) — سمسٹر: بہار، 2026

سطح: بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری — کریڈٹ: 6

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100

کامیابی کے نمبر (بی اے):40

کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ:4-1)

سوال نمبر 1۔ معاشیات سے متعلق رابنز کی تعریف بیان کیجئے۔ کیا یہ تعریف دوسری تعریفوں کے مقابلہ میں معاشیات کے نفس مضمون کا کماحقہ احاطہ کیے ہوئے ہے یا نہیں؟ بحث کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ (الف) قانون مساوی افادہ مختتم کی تعریف کیجئے نیز اس قانون کی ایک گوشوارہ کے ذریعہ وضاحت کیجئے۔ (10)

(ب) کیا اثر استبدالی مثبت ہو سکتا ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 3۔ (الف) طلب اور رسد کی لچک سے کیا مراد ہے؟ طلب کی قوسی اور نقطی لچک کا فارمولا لکھیے۔ (06)

(ب) درج ذیل میں خط رسد اور خط طلب دیا گیا ہے:

$$Qd = 20 - 2P \qquad Qs = 5 + P$$

حل کریں (1) توازنی قیمت اور پیداوار (2) توازنی حالت میں طلب اور رسد کی لچک (14)

سوال نمبر 4۔ معین اور متغیر مصارف سے کیا مراد ہے؟ معین، متغیر اور کل مصارف کے مابین فرق کی وضاحت ایک ٹیبل اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیے۔ (5+5+5+5)

(i) آدم سمتھ کے مطابق معاشیات کی تعریف (ii) نارمل شے کے کیس میں خط طلب

(iii) کیا اثر آمدنی ہمیشہ مثبت ہوتا ہے؟ (iv) پیداوار اور کل مصارف

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر(بی اے):40
کامیابی کے نمبر(اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:8-5)

سوال نمبر1۔ منڈی کے توازن کا مفہوم واضح کیجئے۔ نیز منڈی کے توازن سے وقت کے تعلق پر ایک سیر حاصل بحث قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ عرصہ قلیل میں اجارہ داری کے تحت کام کرنے والی فرم کے توازن کی تین صورتوں کی وضاحت ڈائیگرامز کی مدد سے کیجئے۔(20)

سوال نمبر3۔ زمین کی تعریف اور اس کی اہمیت و خصوصیات بیان کیجئے۔ نیز اس کی نقل پزیری پر ایک بحث قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ قوانین حاصل سے کیا مراد ہے؟ نیز قانون تکثیر حاصل کی وضاحت ایک ٹیبل اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے (20)

سوال نمبر5۔ تفاعل کیا ہوتا ہے؟ تفاعلی رشتہ کی اقسام بیان کریں۔ نیز تفاعل کے گرافی اظہار پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر(بی اے):40
کامیابی کے نمبر(اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر3

## (یونٹ:13-9)

سوال نمبر1۔ قومی آمدنی کی تعریف کیجئے، نیز قومی آمدنی کی پیمائش کے لئے اخراجات کے طریقہ کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ قومی آمدنی کی متوازن سطح سے کیا مراد ہے؟ اوسط اور مختتم میلان صرف کی وضاحت گوشوارہ صرف کی مثال کے ذریعہ کیجئے۔ نیز صرف پر اثر انداز ہونے والے عوامل پر ایک بحث قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ زر سے کیا مراد ہے؟ نیز تخلیق زر کے عمل ایک مفصل نوٹ قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ بینک کی تعریف کیجئے۔ نیز مرکزی بینک کی عمل کاری پر ایک مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ ملکی اور غیر ملکی تجارت میں فرق بیان کیجئے۔ نیز بین الاقوامی تجارت کے فوائد اور نقصانات پر مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

کل نمبر:100

کامیابی کے نمبر (بی اے):40

کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر 4

## (یونٹ:14-18)

سوال نمبر 1۔ تامین سے کیا مراد ہے؟ تامین کے حق میں اور خلاف دلائل پیش کیجئے نیز نتیجہ بحث میں اپنی ذاتی رائے بھی قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ سرکاری قرضوں سے کیا مراد ہے؟؟ سرکاری قرضوں کی مختلف صورتیں بیان کریں۔ نیز عارضی اور دائمی قرضوں پر سیر حاصل بحث قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مالیاتی مسلک کے آلات بیان کریں نیز مالیاتی مسلک کے مقاصد پر ایک مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ معاشی ترقی کی پیمائش کے لئے پیش کردہ مختلف معیارات کا ایک مفصل جائزہ قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ منصوبہ بندی کی تعریف کیجئے۔ نیز منصوبہ بندی کے مقاصد اور اس کے عمل پر مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)